# کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی

## دفتر ڈپٹی کمشنر، سی ڈی اے

CDA
CAPITAL DEVELOPMENT AUTHORITY

# پبلک نوٹس

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سی ڈی اے نے متاثرین اسلام آباد کو بحالی فوائد فراہم کرنے کے لیے بنائے گئے منظور شدہ فریم ورک کے تحت اراضی متاثرین حاصل شدہ رہائشی سیکٹرز F-13، D-13 اور E-13 کے منظور شدہ کلیمز کے عوض پلاٹس الاٹ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس مقصد کے لیے قرعہ اندازی منعقد کی جائے گی۔

**موضع جات یعنی:**

**موضع میرا سنبل اکو، موضع میرا سنبل جعفر، موضع دھریک موہری، موضع ٹھلہ سیداں، موضع شاہ اللہ دتہ، موضع پنڈ سنگریال، موضع بھیکڑ فتح بخش اور موضع سری سرال کے متاثرین کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی درخواستیں بمعہ ضروری کاغذات، جاری شدہ فریم ورک کے مطابق، دفتر ڈپٹی کمشنر سی ڈی اے میں جمع کروائیں۔**

**یہ واضح کیا جاتا ھے کہ:**

1۔ شاملاتِ اراضی کے صرف وہی کلیمز زیر غور لائے جائیں گے جن کی حصص کی تقسیم بذریعہ کلیم ICT مطابق لینڈ شیئرنگ پالیسی 2007 مکمل ہو چکی ہو۔

2۔ صرف وہی درخواستیں اس قرعہ اندازی میں شامل ہوں گی جو مقررہ فریم ورک کے مطابق مورخہ 30 ستمبر 2025ء تک جمع کروائی جا چکی ہوں گی اور جن کی ویریفیکیشن ریکارڈ، پالیسی اور قواعد و ضوابط کے مطابق مکمل ہو چکی ہوگی۔ اس کے بعد والی درخواستیں اگلی قرعہ اندازی میں زیر غور لائی جائیں گی۔

**قرعہ اندازی کے نتائج بعد ازاں سی ڈی اے کی ویب سائٹ www.cda.gov.pk پر جاری کر دیے جائیں گے۔**

**سردار محمد آصف**

**ڈپٹی کمشنر، سی ڈی اے**

PID(I)..../25

URAAN PAKISTAN

#HumCDA